اُردو (لازمی)	انٹر (پارٹ-I)	پرچہ I: (معروضی طرز)
وقت: 20 منٹ	2017ء (دوسرا گروپ)	کل نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1- سرسید کو ہمیشہ اپنے کنبے سے بے حد لگاؤ رہا۔ بھائی کی موت کا صدمہ نہیں بھولا:

(a) پانچ برس تک (b) دس برس تک

(c) پندرہ برس تک (d) بیس برس تک ✓

2- ابوالقاسم زہراوی کون تھا:

(a) ماہرِ تعمیرات (b) ماہر سرجن ✓

(c) ماہرِ تعلیم (d) ماہرِ قانون

3- افسانہ ''اوورکوٹ'' کا مصنف کون ہے:

(a) پریم چند (b) حمید عسکری

(c) غلام عباس ✓ (d) شفیع عقیل

4- علامہ اقبالؒ نے کس شہر کے فساد کی خبر اخبار میں پڑھی:

(a) کراچی کے (b) دہلی کے

(c) لکھنؤ کے (d) کلکتہ کے ✓

5- نصابی سبق ''دوستی کا پھل'' میں کبوتروں نے آگ بجھانے کے لیے:

(a) چونچ سے پانی انڈیلا (b) پروں سے پانی چھڑکا ✓

(c) مٹی ڈال دی (d) سانپ کو بلا لیا

6- نہیں کھیل اے داغ! یاروں سے کہ دو کہ آتی ہے اُردو زباں آتے آتے' یہ شعر ہے:

(a) مطلع کا (b) مقطع کا ✓

(c) ردیف کا (d) قافیہ کا

7- غزل کے اشعار میں ایک جیسے بار بار آنے والے الفاظ کیا کہلاتے ہیں:

(a) ردیف ✓ (b) قافیہ
(c) تشبیہ (d) مطلع

8- نہ جانا کہ دنیا سے جاتا ہے کوئی بہت دیر کی مہرباں آتے آتے' اصطلاح میں یہ شعر کہلاتا ہے:

(a) مطلع (b) مقطع
(c) تلمیح (d) عام شعر ✓

9- مطلع کے لغوی معنی ہیں:

(a) ختم ہونے کی جگہ (b) طلوع ہونے کی جگہ ✓
(c) غروب ہونے کی جگہ (d) مکمل ہونے کی جگہ

10- گل کو ہوتا صبا قرار اے کاش رہتی اِک آدھ دن بہار اے کاش' میں قافیہ ہے:

(a) گل کو ہوتا (b) قرار، بہار ✓
(c) اے کاش (d) کوئی نہیں

11- تشبیہ ہے:

(a) جوڑ کے تو کوہِ گراں تھے ہم (b) حُسنِ یوسفؑ سا ✓
(c) پھر نئے محمود ہوں گے (d) ایسے ہی گل بدن تھے تو پیسے بچائے کیوں

12- ''آ رہی ہے چاہِ یوسف سے صدا'' اس مصرع میں ہے:

(a) تشبیہ (b) استعارہ
(c) تلمیح ✓ (d) مقطع

13- نوجوان چاند جیسا خوبصورت ہے۔ اس جملے میں کیا استعمال ہوا ہے:

(a) استعارہ (b) تشبیہ ✓
(c) تلمیح (d) مطلع

14- اورنگِ سلیماں کیا ہے:

(a) استعارہ (b) تشبیہ
(c) تلمیح ✓ (d) حرفِ تشبیہ

15- استعارہ کہتے ہیں:

(a) کچھ دینے کو
(b) ادھار لینے کو ✓
(c) مانند قرار دینا
(d) تاریخی واقعہ

16- ترازو ٹوٹ ۔۔۔۔:

(a) گئی ہے ✓
(b) گئے ہے
(c) گیا ہے
(d) گئی ہیں

17- زندگی کھیل اور تماشا ۔۔۔۔:

(a) ہوتا ہے
(b) ہوتی ہے ✓
(c) ہوتے ہیں
(d) ہوتی ہیں

18- نمازِ عید الاضحیٰ ٹھیک 7 بجے ادا ۔۔۔۔:

(a) کی جائے گی ✓
(b) کیا جائے گا
(c) کی جائے گا
(d) کی جائیں گی

19- اکرم کو دوبارہ قے ۔۔۔۔:

(a) ہوا
(b) ہوئی ✓
(c) ہوئے
(d) ہوئیں

20- پرہیز علاج سے بہتر ۔۔۔۔:

(a) ہوتا ہے ✓
(b) ہوتی ہے
(c) ہوتی ہیں
(d) ہوتے ہیں